© rasailojaraid.com



# وفیات الاعیان

**اہلیہ محترمہ قاری محمد طیب قاسمی مدظلہ** | عالم اسلام کے عظیم مرکز علمی و دینی دارالعلوم دیوبند کے مہتمم حضرۃ حکیم الاسلام مولانا قاری محمد طیب قاسمی کی اہلیہ محترمہ کی وفات کا علم رسل و رسائل منقطع ہونے کی وجہ سے بہت بعد میں ہوا، مرحومہ اردو مدراسی زبان کی بہترین خطیبہ اور محافل مستورات میں وعظ و تبلیغ کی اعلیٰ خدمت انجام دیا کرتی تھیں اور بیشمار معنوی خوبیوں کی مالک کہ ؏ ایں خانہ ہمہ آفتاب ست ——— حق تعالیٰ مرحومہ کو اعلیٰ مقامات سے سرفراز فرما کر پسماندگان خصوصاً حضرت حکیم الاسلام مدظلہ اور ان کے صاحبزادگان کو صبر جمیل کے درجات سے نوازے۔

**مہاجر مکی شیخ محمد** | پاکستان کے مہاجر حرمین بزرگ حضرت مولانا خیر محمد صاحب مکی کا انتقال ۱۷ر جمادی الاولیٰ ۱۳۹۴ھ کو ہوا۔ نماز جنازہ مسجد حرام میں ادا ہوئی اور تدفین جنت المعلیٰ میں ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ اور سید الطائفہ حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ کے جوار میں۔ ذکر و فکر عبادات کے علاوہ حرم مکی میں درس کا سلسلہ مرحوم کا مشغلہ روز و شب رہا۔ حضرت مرحوم کے صاحبزادہ شیخ محمد مکی نے وفات کی اطلاع دی حق تعالیٰ مرحوم کو قرب و رضا سے فائز فرمائے اور پسماندگان میں ان کا فیض جاری رہے ———۔

**مولانا حبیب الرحمان** | ضلع کیمبلپور کے علاقہ چھچھ کے فعال سرگرم اور جوش دین سے سرشار عالم مولانا حبیب الرحمان موضع دلیپا ۱۹-۹-۷۴ ساڑھے بارہ بجے طویل علالت کے بعد وفات پاگئے فاضل دیوبند تھے۔ اور جمعیۃ العلماء کے دیرینہ سرگرم کارکنوں میں اپنے علاقہ کے ناظم جمعیۃ بھی رہے ۱۹۵۳ء کی تحریک ختم نبوت میں نو ماہ تک اسارت سنتِ یوسفی کی سعادت بھی پائی۔

**ضلع کوئٹہ کے ایک مثالی بزرگ** | مولانا حاجی عبدالقدوس ولد حاجی ملا احمد اخوند سکنہ مسیزئی ڈاکخانہ قلعہ عبداللہ جان پشین ضلع کوئٹہ ایک خانقاہ کے سجادہ نشین حق گو نڈر عالم اور دلیر بزرگ جمعیۃ العلماء اسلام کے نہایت سرگرم ممبر کی وفات ۴ ستمبر ۱۹۷۴ء بروز جمعرات بوقت صبح نماز اور تلاوت قرآن کے



© rasailojaraid.com